دفتر برائے تعلقات عامہ و میڈیا کوآرڈی نیشن

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

7 اگست، 2019

پریس ریلیز

# جامعہ میں پلینٹری پوسٹ میڈیا اسٹڈیز کے موضوع پر اسپارک – ایم ایچ آر ڈی ورکشاپ کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے میر انیس ہال میں 06 اگست 2019 بروز منگل 'پلینیٹر ی پوسٹ میڈیا اسٹڈیز کے عنوان سے دو ہفتوں پر مشتمل اسپارک - ایم ایچ آر ڈی ورکشاپ کا افتتاح کیا گیا۔ کورس کا انتظام سنٹر برائے ثقافت، میڈیا اینڈ گورS (سی سی ایم جی)، 06 سے 24 اگست 2019 تک منعقد ہو رہا ہے، ورکشاپ کو اسپارک اسکیم کے تحت ہندوستان کی وزارت برائے انسانی وسائل و ترقی امور کا تعاون حاصل ہے۔ اس ورکشاپ کا مقصد دلیوزی اور گوٹاری کے نقطہ نظر سے عصری پوسٹ میڈیا کے طریقوں کا تنقیدی جائزہ لینا ہے۔

ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، سی سی ایم جی کے ڈائریکٹر پروفیسر بسواجیت داس اور ایس پی اے آر سی - ایم ایچ آر ڈی تحقیقی منصوبے کے انڈین پرنسپل انویسٹی گیٹر (پی آئی)، نے بتایا کہ مرکز ہمیشہ مواصلاتی مطالعات میں تحقیق میں مصروف رہا ہے۔ انھوں نے کہا مجھے یقین ہے کہ موجودہ ورکشاپ میں طلباء کی

ایک بڑی تعداد کو نئے میڈیا اوراس کی پیچیدگیوں اور باریکیوں کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔انھوں نے کہا سوشل میڈیا میں شاذ و نادر ہی کیوں، کیسے اور کیا جیسے سوالات پر غور کیا جاتا ہے۔موجودہ ورکشاپ کے ذریعے طلبا اس بارے میں بھی جان سکیں گے۔

پروفیسر داس نے ورکشاپ کے غیر ملکی اساتذہ ڈاکٹر الیکس تائک گوانگ لی، کینگ ہی یونیورسٹی، سیئول اور جنوبی کوریا (اسپارک-ایم ایچ آر ڈی پروجیکٹ کے بین الاقوامی پی آئی) ڈاکٹر جوف پی این بریڈلی جو کہ یونیورسٹی، ٹوکیو، جاپان میں ایم ایچ آر ڈی اسپارک پروجیکٹ کے شریک پرسنپل انویسٹی گیٹر بھی ہیں کا استقبال کیا۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر منوج این وائی، اسسٹنٹ پروفیسر، سی سی ایم جی اور اسپارک -ایم ایچ آر ڈی منصوبے کی ہندوستانی شریک پرنسپل انویسٹی گیٹر نے ورکشاپ کے فوائد اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔اپنے خطاب میں انھوں نے پوسٹ میڈیا منصوبہ کے روایتی، سماجی اور سیاسی واقتصادی ماڈل اور اس کے اثرات کے بارے میں بات چیت کی۔

دونوں غیر ملکی ا 2 کٹرس، اور نامور پروفیسروں نے، ہندوستان میں منعقدہ اس ورکشاپ کا حصہ بننے پر خوشی کا اظہار کیا۔ پروفیسر لی نے کہا ہمیں اس وقت پوری دنیا میں بحرانی کیفیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پوسٹ میڈیا ورکشاپ نتیجہ خیز اور تعمیری پروگرام ہوگا جس پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے کہ ہم ہندوستان، جاپان اور کوریا میں مستقبل کے لیے کیا لائحہ عمل تیار کر سکتے ہیں، پروفیسر لی نے یہ باتیں افتتاحی تقریب میں خطاب کے دوران کیں۔

پروفیسر بریڈلے نے کہا: مجھے خوشی ہے کہ دہلی میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں طلباء اور اساتذہ کے ساتھ رہوں گا تاکہ ہندوستانی سیاق وسباق میں پوسٹ میڈیا کے ممکنہ نئے معنی اور اس کے اطلاق پر مزید غور کیا جا سکے۔

یہ کورس ورک ٹیکنالوجی پر مختلف نظریاتی بحث کے ذریعے میڈیا مطالعہ کا تعارف کرائے گا۔

اس پروگرام میں سینٹر کے پروفیسرز اور اسکالرز کے علاوہ سینٹر سے باہر دیگر اداروں کے طلبا اور اساتذہ نے شرکت کی۔سی سی ایم جی کی پروفیسر صائمہ سعید نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

احمد عظیم

پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر
جامعہ ملیہ اسلامیہ
نئی دہلی